# Jamia tul Mustafa®

Markaz-e-Mustafa, Markaz Road,
Opp. Education Board Lohiyanwala Gujranwala.
Ph: 055-3891294-95

جامعۃ المصطفیٰ رجسٹرڈ

مرکز مصطفیٰ مرکز روڈ بالمقابل ایجوکیشن بورڈ لوہیانوالہ گوجرانوالہ
055-3891294-95


## داخلہ فارم

## Admission Form

Photograph

Form No. ..........

Session 20...........

- Dars-e-Nizami ☐ درس نظامی
- Middle ☐ متوسطہ
- Hifz-ul-Quran ☐ حفظ القرآن

.................................................. نام طالب علم (اردو میں)

Student Name (In English) ..................................................

Student I.D Card # : ☐☐☐☐☐ ☐☐☐☐☐☐☐ ☐ .......... طالب علم کا ب فارم یا شناختی کارڈ نمبر

.................................................. والد کا نام (اردو میں)

Father's Name (In English) .................................... Mob: ..........

Father's I.D Card # : ☐☐☐☐☐ ☐☐☐☐☐☐☐ ☐ .......... والد کا شناختی کارڈ نمبر

.................................................. سرپرست کا نام (اردو میں)

Guardian's Name (In English) .................................... Mob: ..........

Guardian's I.D Card # : ☐☐☐☐☐ ☐☐☐☐☐☐☐ ☐ .......... سرپرست کا شناختی کارڈ نمبر

Date of Birth D D / M M / Y Y Y Y Place of Birth .......... .......... پیدائشی ضلع

Residential Status (In English) .......... ☐ غیر مقیم ☐ مقیم .......... رہائشی حیثیت

.................................................. آخری ادارہ جہاں تعلیم حاصل کی

Name of Last Institution Attended (In English) ..................................................

.................................................. مستقل پتہ

Permanent Address: House No. .......... Mohalla/Vill. ..........

Post .......... Distt. .......... State .......... Postal Code .......... Country ..........

.................................................. مکمل ڈاک کا پتہ

Complete Postal Address: House No. .......... Mohalla/Vill. ..........

Post .......... Distt. .......... State .......... Postal Code .......... Country ..........

Mobile No. .......... WhatsApp No. ..........

E-mail Address .......... Blood Group ..........

- - - - - - - - - - - - - - - - - - - - ✂

### For Office Use Only دفتری استعمال کیلئے

نام .......... ولدیت .......... کو کلاس .......... سیکشن ..........

میں تاریخ D D / M M / Y Y Y Y کو داخل کیا گیا۔

دستخط ناظم تعلیمات ..........

## داخلہ کیلئے ضروری دستاویزات

### شعبۂ درسِ نظامی

۱. مڈل پاس سرٹیفکیٹ اور حفظ القرآن کی سند یا میٹرک پاس سرٹیفکیٹ۔
۲. ب فارم یا قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی۔
۳. والد یا سرپرست کے قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی۔
۴. پاسپورٹ سائز ۲ تصاویر۔
۵. عمر کم از کم ۱۴ سال۔

### شعبۂ متوسطہ

۱. حفظ القرآن کی سند۔
۲. پرائمری پاس سرٹیفکیٹ۔
۳. والد یا سرپرست کے قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی۔
۴. عمر ۱۳ سے ۱۵ سال تک ہو۔
۵. ب فارم کی فوٹو کاپی۔
۶. پاسپورٹ سائز ۲ عدد تصاویر۔

### شعبۂ حفظ القرآن

۱. پرائمری پاس سرٹیفکیٹ۔
۲. ناظرہ قرآن مجید مخارج کی ادائیگی کے ساتھ پڑھا ہوا ہونا۔
۳. ب فارم کی فوٹو کاپی۔
۴. والد یا سرپرست کے قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی۔
۵. پاسپورٹ سائز ۲ عدد تصاویر۔
۶. عمر ۱۰ سے ۱۱ سال تک ہو۔

## ضابطہ اخلاق برائے طلباء

۱. تمام طلباءٔ اخلاق، وضع قطع اور لباس سنتِ مطہرہ کے مطابق رکھنے کے پابند ہوں گے۔
۲. صف بندی کے خصوصی اہتمام کے ساتھ نماز پنجگانہ مسجد میں ادا کرنا ضروری ہوگا۔
۳. فجر تا اشراق تلاوتِ قرآن مجید اور دیگر وظائف کیلئے مسجد میں ہی بیٹھنا ہوگا۔
۴. نمازِ عشاءٔ کے بعد مقیم طلباءٔ کا سورۃ الملک کی تلاوت سماعت کرنا ضروری ہے۔
۵. تمام طلباءٔ کو پیر شریف اور جمعرات کے روزے کا التزام کرنا ہوگا۔
۶. اپنے سامان کی خود حفاظت کریں گے اور قیمتی اشیا اپنے پاس نہ رکھیں گے۔
۷. مقیم طلبا کیلئے متعینہ اوقات میں ورزش یا مجوزہ کھیل ضروری ہے۔
۸. ہفتہ وار بزمِ اَدب میں طلباءٔ کی شرکت ضروری ہوگی۔
۹. ملٹی میڈیا، موبائل فون، لیب ٹاپ کا استعمال اندرون جامعہ ممنوع ہے۔ طلباءٔ جامعہ میں موجود PCO کا استعمال کریں۔
۱۰. غیر متعلقہ کتب، ڈائجسٹ اور رسائل پڑھنے اور رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔
۱۱. جامعہ کے املاک کی حفاظت طلباءٔ کی ذمہ داری ہے۔ نقصان سرپرست سے پورا کیا جائے گا۔
۱۲. ظہر تا عصر تکرار میں مقیم/غیر مقیم طلباءٔ کی حاضری ضروری ہے۔
۱۳. جامعہ طلباءٔ کے قیام وطعام کے علاوہ دیگر ضروریات بھی پوری کرتا ہے لہذا کسی غیر متعلقہ شخص سے اپنی ضروریات کا اظہار کرنا یا کچھ لینا ممنوع ہے۔
۱۴. جامعہ کے احاطے میں صاف ستھرا یونیفارم پہننا ضروری ہے۔
۱۵. دوپہر کے قیلولہ اور رات کو سونے کیلئے مقررہ وقت کی پابندی لازم ہے۔
۱۶. ہر طالب علم کیلئے اپنا بستر صاف ستھرا اور مقررہ جگہ پر رکھنا ضروری ہے۔
۱۷. مقیم طالب علم اپنی باری پر کمرے کی صفائی کریں نیز دیواروں پر سٹکر چسپاں کرنے اور لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔
۱۸. ہر طالب علم اپنی جسمانی طہارت کا خیال رکھے گا۔ اور صاف ستھرا لباس زیب تن کرنے کا پابند ہوگا۔
۱۹. بصورتِ علالت ہاسٹل میں قیام ناظمِ دارالاقامہ کی اجازت سے مشروط ہوگا۔
۲۰. ہاسٹل میں مہمان ٹھہرانے کی اجازت نہیں ہے بصورتِ مجبوری دارالضیافہ میں ٹھہرانے کیلئے بھی اجازت درکار ہوگی۔
۲۱. کھانے کے اوقات کا خیال رکھتے ہوئے بروقت ڈائننگ ہال میں پہنچنا ضروری ہے۔
۲۲. تمباکو نوشی اور دیگر نشہ آور اشیاءٔ کا استعمال سخت ممنوع ہے۔
۲۳. سیر سپاٹے اور غیر تعلیمی سرگرمیوں میں اپنا وقت ضائع کرنے والے طلباءٔ کو خارج کر دیا جائے گا۔
۲۴. ایک ماہ میں 6 چھٹیوں کی صورت میں داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا۔ دوبارہ داخلے کیلئے داخلہ فیس اور سرپرست کی طرف سے چھٹی نہ کرنے کی یقین دہانی کرانا ضروری ہے۔
۲۵. ریش تراشی، فلم بینی، بداخلاقی اور بدکلامی کی صورت میں طالب علم کو خارج کر دیا جائے گا۔
۲۶. مقیم طلباءٔ کو عصر تا مغرب مرکزِ مصطفیٰ یا مجوزہ جگہ کے علاوہ کہیں اور جانے کی اجازت نہیں۔
۲۷. جامعہ میں سالانہ حاضری 80% ہونا ضروری ہے۔ بصورتِ دیگر سالانہ امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔
۲۸. 2 دِن سے زائد کی رخصت ناظمِ تعلیمات سے 3 دِن قبل منظور کروانا ہوگی۔ چھٹی کی درخواست کے ساتھ طالب علم کو خود حاضر ہونا ہوگا۔ کسی کے ہاتھ درخواست بھیجنا یا فون پر اِطلاع کر دینا ناکافی ہے۔
۲۹. کسی قسم کا اسلحہ / بارود رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔
۳۰. کسی بھی طالب علم کو ناظمِ دارالاقامہ کی طرف سے الاٹ کیے گئے کمرے کو تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
۳۱. طلباءٔ کو ایسے باہمی روابط رکھنے کی اجازت نہیں ہے جو اخلاقی لحاظ سے مشکوک بنائیں۔
۳۲. سہ ماہی، شش ماہی امتحانات سے پہلے اور بعد نیز عیدین کی تعطیلات سے پہلے اور بعد چھٹی نہیں دی جائے گی۔
۳۳. الیکٹرک پریس اور ہیٹر کا استعمال ممنوع ہے۔ جامعہ میں ڈرائی کلینر متعین ہے جو رعایتی قیمت پر کپڑے دھوتا اور پریس کرتا ہے۔ اَز خود اجازت نہیں ہے۔
۳۴. جامعہ میں قیام کے دوران طلباءٔ اپنی تعلیم سے دلچسپی رکھیں۔ جامعہ سے باہر ٹیوشن، امامت یا کام کرنے کی ہرگز اجازت نہیں ہے۔
۳۵. ہر طالب علم پر لازم ہے کہ جامعہ کا شناختی کارڈ ہمہ وقت اپنے پاس رکھے اور گیٹ پر یا جب بھی اُس سے مطالبہ ہو تو پیش کر سکے۔
۳۶. اساتذہ، منتظمین اور متعلقین جامعہ کا احترام لازم ہے۔
۳۷. جامعہ کے تمام قوائد وضوابط کی پاسداری انتہائی ضروری ہے۔

## طالب علم کا اقرار نامہ

میں ............ بن ............ اس بات کا عہد کرتا ہوں کہ جامعہ کے اصول وضوابط اور قوانین کی پابندی کروں گا۔ جامعہ کے خلاف کوئی کام نہیں کروں گا اور نہ کسی غیر قانونی سیاسی اور تحریکی سرگرمیوں میں حصہ لوں گا۔ آپ کو خلاف ورزی کی صورت میں تادیبی کاروائی کا اختیار ہے۔

دستخط ............

## والد/سرپرست کا حلف نامہ

میری خواہش ہے کہ میرا ............ جامعۃ المصطفیٰ میں تعلیم حاصل کرے میں ضمانت دیتا ہوں کہ وہ جامعہ کے تمام قوانین کی پابندی کرے گا۔ جامعہ کے مفاد کے خلاف کوئی کام نہیں کرے گا۔ تعلیمی مرحلہ کو مکمل کرنے سے قبل اگر اس نے تعلیم ترک کر دی یا اس کا اخراج ہو گیا تو جامعہ کی طرف سے اس پر خرچ کی گئی رقم ادا کرنے کا پابند ہوں۔

دستخط ............